Muslimah, 23 years, College Graduate, US Immigrant, seeks matrimonial alliance with Professional preferably Physician, Engineer. Contact:

P.O.Box 136
Gasport, N.Y. 14067

Correspondence is invited for possible matrimony for a Pakistani Muslim man, well-educated, Canadian immigrant, age 35 years.

K.A.M. C/O Crescent

Matrimonial correspondence is invited from a sunni muslim gentle man, immigrant in Canada or USA, for a sunni muslim goodlooking girl, presently residing in Toronto. Please write giving full detail to:

Mohammed C/0 Crescent

شادی خانہ آبادی

دنیا کے کسی بھی ملک مثلاً انڈیا ۔ پاکستان ۔ بنگلہ دیش
سری لنکا ۔ انگلینڈ ۔ شمالی امریکہ ، افریقہ اور مڈل ایسٹ وغیرہ
میں جہاں بھی ہندوستانی اور پاکستانی آباد ہیں ۔ شادی کے لئے
ہماری خدمات حاصل کریں ۔
تفصیل کے لئے جناب کسی بھی دفتر کو اپنا مکمل پتہ اور
جوابی لفافہ ٹکٹ لگا کر ارسال فرمائیں ۔

INTERNATIONAL MARRIAGE SERVICE
Head Office
P.O. BOX 951, STATION "A"
SCARBOROUGH (TORONTO)
ONTARIO, CANADA M1K 5E4

ثقافتی پروگرام

جمعہ ۲۹ ستمبر، سات بجے شام
ہاربر فرنٹ ۲۳۵ پر فیڈریشن
آف پاکستانی کینیڈینز (او ٹاک)
کی جانب سے ایک ثقافتی پروگرام
پیش کیا جا رہا ہے جس میں پاکستان
کے مختلف علاقائی ملبوسات کا شو
بھی شامل ہے۔
اس پروگرام میں فیڈرل منسٹر
ملٹی کلچرل ازم جناب نارمن کیفک
اور دوسرے اہم شخصیات شرکت
کریں گے۔ داخلہ مفت ہے۔
مزید معلومات کے لیے فیڈریشن
کے سیکریٹری سعید الدین سے
رابطہ قائم کیجئے:

362-0435 OR 690-6803

آپ کے خطوط

جناب ایڈیٹر صاحب
السلام علیکم

ٹورانٹو میں عید کی نماز پر طرح طرح کے
پرچوں کی بہتات دیکھیں جو کہ طلب ملتی
چلی جا رہی تھی۔ ایسے میں "کریسنٹ"
خرید کر پڑھنا کچھ ناگوار تو ضرور
گزرا لیکن یہ سوچ کر لے لیا کہ دیکھیں
کیا خاص بات ہے۔ ایک صفحہ الٹا،
دوسرا، پھر تیسرا۔ اسی طرح پورے
بیس صفحوں کی سرسری ورق گردانی
ہو گئی۔ آنکھوں کو فرحت محسوس
ہوئی کہ اس کا ہر صفحہ اپنے خالق
کی نیک نفسی اور صاف ستھری
شخصیت کا آئینہ دار تھا۔ لیکن اسے
پڑھ کر دل و دماغ بھی کھل اٹھا۔
سوجھ بوجھ کی قلت کے اس دور
میں "کریسنٹ" کا وجود نہایت
ہی تسکین کا باعث ہوا۔ اللہ
اسے مزید ترقی دے (آمین)۔
آپ کو اور آپ کے معاونین کو
ایک اعلیٰ معیار کا پرچہ نکالنے پر
دلی مبارکباد۔
اس خط کے ساتھ ۵ ڈالر کا چیک
روانہ ہے۔ مجھے اپنی فہرست میں
شامل کرکے شکریے کا موقع دیجئے۔
میں پچھلے آٹھ ماہ سے کینیڈا میں ہوں
اور لندن (اونٹاریو) میں قیام ہے۔
یہاں میں آپ کے اور بھی خریدار
بناؤں گا۔ اس کے علاوہ میرے لئے
کوئی خدمت ہو میں بخوشی حاضر
ہوں۔
اگلے شمارے کا منتظر ہوں۔

اصغر علی باقر

مدیر کریسنٹ۔ تسلیم۔
....میں آپ کے اخبار کا قدیم
خریدار ہوں۔ عید نمبر کے لیے آپ
کے کارٹونسٹ مصور نے بڑی
عمدہ اور معنی خیز تصویر شائع کی ہے
انہیں دلی مبارکباد پہنچا دیجئے۔

عبدالباسط۔ مانٹریال

Tell them the truth about Canada's new immigration law before they leave home.

اب کینیڈا کا امیگریشن کا نیا قانون ہے
اور یہ سچ ہے کہ جو کوئی یہاں رہنے
کے لیے، ملاقات یا تفریح کے لیے اور
پڑھائی یا کام کے لیے آنا چاہتا ہو
اسے گھر چھوڑنے سے پہلے پرمٹ لے
کر لینا چاہیے۔

اگر وہ ایسا نہیں کریں گے تو انہیں
واپس گھر جانا پڑے گا اور یہ ان کی
زندگی کی بہت بڑی مایوسی ہوگی۔

اور یہیں آپ کی ذمہ داری ہے۔ کیونکہ
وہ آپ پر بھروسہ کرتے ہیں۔ اب یہ آپ پر
منحصر ہے کہ آپ اس بات کا یقین کرلیں کہ
گھر چھوڑنے سے پہلے ان کے پاس صحیح
معلومات ہوں۔ اس کے لیے انہیں
جن چیزوں کی ضرورت ہو وہ انہیں
بھیجئے۔

آپ کسی بھی کینیڈا امیگریشن سنٹر سے
صحیح معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ یا اپنے
عزیزوں سے کہیے کہ جہاں وہ رہتے ہیں وہاں
کے کینیڈین گورنمنٹ ویزا دفتر سے رابطہ
قائم کریں۔ معلومات حاصل کرنے کا کوئی خرچ نہیں۔

کینیڈا کے امیگریشن قانون کی تجدید کی گئی ہے۔
اب اس میں انصاف کا پہلو زیادہ ہے اور اسے
سمجھنا بھی آسان ہے۔ یہ قانون آپ پر، آپ کے
خاندان یا دوستوں پر کس طرح اثر انداز ہوتا ہے یہ معلوم
کرنے کے لیے قریبی کینیڈا امیگریشن سنٹر سے رابطہ قائم کیجئے۔
وہ آپ کی ہر طرح مدد کے لیے تیار ہیں۔

اہم نوٹ: اگر آپ یا آپ کا کوئی جاننے والا
کینیڈا میں مستقل رہائشی ہونے کی حیثیت رکھتا ہو
(یعنی امیگرنٹ، شہری نہیں) اور کینیڈا سے ۱۸۳
دن سے زیادہ باہر رہنے کا منصوبہ بنا رہا ہو تو اسے
واپس کینیڈا آنے کے لیے پرمٹ کی ضرورت ہوگی
جو کہ Returning Resident Permit کہلاتا ہے۔
تفصیلات کیلئے مقامی کینیڈا امیگریشن سنٹر سے رابطہ قائم کریں۔

Employment and Immigration Canada — Emploi et Immigration Canada
Bud Cullen, Minister — Bud Cullen, Ministre

Help them avoid the disappointment of a lifetime.

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

امریکن امیگرنٹ پاکستانی دوشیزہ
کے لیے رشتہ درکار ہے۔ تفصیلات
کے لیے اپنے جملہ کوائف اور تصویر کے
ساتھ خط لکھیے۔
1950 KENNEDY RD, #1205
SCARBORO, ONT. M1P 4S9

•

ایک مسلمان سنت الجماعت قبول صورت
لڑکی کے لیے کسی شریف، سنی مسلمان،
کینیڈین یا امریکن امیگرنٹ لڑکے سے
رشتہ مطلوب ہے۔ لڑکی فی الوقت
ٹورانٹو میں موجود ہے۔ خواہشمند
اپنا نام، پتہ اور دیگر تفصیلات ذیل
کے پتے پر بھیجیں:
MOHAMMED C/O CRESCENT

•

ایک ہندوستانی مسلمان لڑکی، نان امیگرنٹ
عمر ۲۰ سال، حالیہ مقیم ٹورانٹو کے
لیے مناسب رشتہ مطلوب ہے۔ اپنے
فون نمبر کے ساتھ خط لکھیے:
B.M. C/O CRESCENT

•

ایک اکتالیس سالہ مسلمان لڑکے
کے لیے پاکستان یا یہاں سے اچھے
خاندان کی خوبصورت اعلیٰ تعلیم یافتہ
کنواری لڑکی سے فوری رشتہ مطلوب
ہے۔ جہلم یا راولپنڈی ڈویژن سے تعلق
رکھنے والے خاندان کو ترجیح دی جائے گی۔
فون کیجیے یا "کریسنٹ" کی معرفت خط لکھیے۔
KHAN: (416) 960-0351

•

ہندوستان میں مقیم ایک خوبصورت
مسلمان لڑکی عمر ۲۳ سال کے لیے کسی
شریف مسلمان لڑکے کا فوری رشتہ
مطلوب ہے۔ خواہشمند خط لکھیں۔
QURESHI C/O CRESCENT

لاس انجلیز میں ضرورت ہے

ایک نوجوان ڈاکٹر کو اپنے ساتھ رہائش
کے لیے کسی دوست یا ساتھی کی ضرورت
ہے۔ برسر روزگار شخص یا گریجویٹ
اسٹوڈنٹ کو ترجیح دی جائے گی۔ علیحدہ
کمرہ اور باتھ روم۔ ساحل، بس
اور بازار کے قریب۔ کرایہ ۱۲۵ ڈالر ماہانہ۔
خط لکھیے:—

Dr. Kamal
256 So. Robertson Blvd.
Suite 7214
Beverly Hills, CA. 90211 USA

برائے فروخت

خواتین، مرد اور بچوں کے کینیڈین اسٹائل
کے کپڑوں کی دکان۔

Ladies, Men and Children Wear
Bargains Store Good Value
On Roncesvalles Avenue
Phone: 533-2624

حج البدل

اگر کسی صاحب کو اپنے والدین یا رشتہ دار
(جو وفات پا چکے ہوں) کا حج البدل کروانا
ہو تو ایک حافظ قرآن بزرگ اپنی خدمات
پیش کرتے ہیں۔ فون کیجیے:

745-5408
531-4666
شفیع اقبال صدیقی۔

طنز و مزاح

چٹکیاں

اقبال یونس خان (ٹورانٹو)

«پاکستان بہت گندہ ہے۔»

یہ جملہ سنتے ہی بدن سے شعلے نکل پڑے۔ نتھنے پھڑپھڑانے لگے۔ کان لال انگارہ ہو گئے۔ بھنویں اوپر چڑھ گئیں۔ غضب خدا کا۔ پاکستان پر کوئی اعتراض کی جرأت کرے اور ہم اسے پی جائیں؟ اگر یہ اعتراض کسی بھارتی نے کیا ہوتا تو ہم «اسلام خطرے میں ہے» کا نعرہ مار کر جہاد کر دیتے مگر چھ سال کے بڑی جیسے بھانجے کے منہ سے یہ اعتراض سن کر اب آپ بتائیں کہ ہم کیا کر سکتے تھے۔ ان «میڈ ان کینیڈا» بھانجے بھتیجوں سے خدا ہی بچائے۔ بچپن ہی سے ہر سلام کرنے کی بجائے «ہلو» یا «ہائے» کر دیا۔ ہم نے دیکھا کہ کوئی ان سے بڑا ہے یا چھوٹا۔ والدین کو چاہیے کہ انہیں سلام کرنا سکھائیں۔ لیکن والدین خود «ہائے» سن کر لوٹ پوٹ ہو جاتے ہیں اور دل ہی دل میں بڑے خوش ہوتے ہیں کہ واہ! میرا بیٹا تو بڑا مغربی نکل رہا ہے! اور ظاہری طور پر ان الفاظ میں اپنی دفاع کی ناکام کوشش کرتے ہیں۔

«دیکھئے صاحب! یہاں آکر یہ بچّے قوم سلام کرنا تک بھول گئی»

«پاکستان بہت گندہ ہے» کی کاٹ میں ابھی جواب سوچ ہی رہا تھا کہ دوسرے نو برس والے «میڈ ان کینیڈا» بھانجے نے مزید چونکا مارا۔

«ہاں ماموں ابا! پاکستانی بھی بڑا گندہ ہوتا ہے۔»

«تم نے کیا گندگی دیکھی؟» میں نے کمزور پوزیشن سے کاٹ کی کوشش کی۔

«ہر طرف کوڑا ہی کوڑا نظر آتا ہے»

میں نے کہا «تمہارے صاف کینیڈا میں ہر طرف مونسٹر بیئر کی بوتلیں، کوک اور پیپسی کے ٹن، ہر چہار طرف کاغذ کے اشتہار، کاروں کے ٹوٹے ہوئے پرزے شاہراہ اور شہر کے ہر کونے پر صاف ستھرے کینیڈین کیوں کتوں کو ٹہلاتے نظر آتے ہیں؟»

اس پر گیارہ برس والے بھانجے نے جو پیدا تو پاکستان میں ہوا تھا مگر آنکھیں کینیڈا میں کھولیں اور جو ابھی تک خاموشی سے اس گرما گرم بحث کو سن رہا تھا، بقراط بنتا ہوا بولا۔

«پاکستانی سنگترہ کھاتا ہے اور وہیں چھلکے پھینک دیتا ہے۔ جہاں بیٹھتا ہے وہیں پان کی پیکیں مارتا رہتا ہے۔»

«تو کینیڈین کیا پاکستانی سے صاف ستھرا ہوتا ہے۔ بس شیلٹروں کو کبھی دیکھا ہے؟ بیٹھ کر جگہ سے لوگ

ٹیلی فون لوتھڑے ہیں اور بس شیلٹروں میں دھاریں مارتے رہتے ہیں۔ سینما ہال میں جتنا کوڑا لوگ پھینکتے ہیں شاید دنیا کے دوسرے سینما ہال اتنے گندے نہیں ہوتے۔ لوگ جہاں کاریں کھڑی کرتے ہیں وہیں ایش ٹرے خالی کر دیتے ہیں۔»

اس پر بھی بھانجے نے اعتراض کیا۔

«پاکستانی بہت کی چیزیں کھا کر ڈکاریں مارتے ہیں۔»

«پاکستانی کھانے سے پہلے اور کھانے کے بعد منہ صاف کرتا ہے۔ کینیڈین کب دانت مانجھتا ہے؟ منہ سے بیئر کے بھبکے دماغ کو معطر کر دیتے ہیں۔ جن، برانڈی، وہسکی اور واٹکی کے منہ سے نکلنے والی بدبو صرف چند موڈرن پاکستانی دماغوں ہی کو فرحت بخش سکتی ہے۔ اگر پانچ دس کینیڈین لوگوں کے ساتھ لفٹ میں کھڑا ہونا پڑے تو پتہ چلتا ہے کہ ان کے بدن سے کتنی بدبو آتی ہے۔ کاغذ سے انسان کبھی گندگی سے نجات حاصل کر سکتا ہے۔؟»

اس لمحے بڑے سے لوٹ پوٹ ہو کر چھوٹا چھ برس والا منہ لٹکائے قمیض کے بٹن کو چبانے میں لگا ہوا تھا بولا «پاکستانی ہاتھ سے چپڑ چپڑ کر کے کھاتا ہے۔»

میں نے جواب دیا «میکڈانلڈ جانتے ہو؟ وہاں لوگوں کو دیکھا ہے کیسے کھاتے ہیں؟ کبھی چھری کانٹے رکھے دیکھے؟»

گرماگرمی کی یہ گفتگو جاری تھی کہ چند «بڑے» بھی آن پہنچے۔ ان میں ایک «موڈرن» پاکستانی بھی تھے۔ فرمانے لگے «خدا بچائے پاکستانی سے! بڑے کاہل ہوتے ہیں۔»

«مغرب کے مختلف ممالک میں جہاں پاکستانی کام کر رہے ہیں۔ زیادہ تر وہ ایسے کام ہیں جن کو کرتے مقامی کینیڈین کا دم نکلتا ہے۔ کتنے پاکستانی ہیں جن کو اوور ٹائم سے انکار کرتے آپ نے سنا ہے؟ کبھی غور کیا آپ نے اگر کسی مغربی کو انہی حالات میں پاکستان کے دیہاتوں میں چھوڑ دیا جائے تو وہ بغیر مشینری کے کتنے دن جیئے گا؟»

«صاحب! اتنا جاہل ہوتا ہے پاکستانی کہ ابے اور تبے سے بات کرتا ہے۔ جاہل لٹھ!» ارشاد فرمایا موڈرن پاکستانی نے۔

«کینیڈین، امریکن یا برٹش ایک جملہ بھی چار حرفی لفظ کے بغیر بول سکتا ہے؟ حد یہ ہے کہ عورتیں تک ہر جملے میں شوق سے استعمال کرتی ہیں۔ کاروں سے ایک ڈرائیور دوسرے ڈرائیور کو انگلی دکھا کر کیا آپ کے خیال میں سلام کرتا ہے؟ یہاں کی زبان میں ایکسکیوزمی اور تھینک یو مشکل سے کوئی جانتا ہے۔ ہمارا پاکستانی کتنا بڑا جاہل کیوں نہ ہو وہ نہ صرف اپنے والدین سے ادب و احترام سے بات کرتا ہے بلکہ ہر بزرگ کی عزت کرتا ہے۔»

موڈرن پاکستانی نے پینترا بدل کر مزید حملہ یوں کیا «صاحب! اس شرم سے کٹ گیا۔ کراچی میں تھا اور دوکاندار جس طرح مغربی ٹورسٹوں کو لوٹ رہے تھے۔ بس! حد ہو گئی بے ایمانی کی!»

«جی جناب یہاں ٹورانٹو میں جس طرح امریکی ٹورسٹوں کو لوٹا جاتا ہے اس کی تفصیل آپ کی کھوپڑی تک کیوں نہیں پہنچتی۔ امریکی ڈالر بدلنے میں بھی اس کو لوٹا جاتا ہے۔ کسی بھی مغربی ملک چلے جائیں کیا وہاں ٹورسٹوں کو لوٹا نہیں جاتا۔ مگر چونکہ وہ مغربی ہیں اس لیے وہ آپ کے نزدیک معیوب نہیں۔ بڑی بڑی کمپنیاں گیٹ کے طور پر لاکھوں ڈالر رشوت کھلا کر غریب ممالک کو لوٹتی ہیں تو آپ کو یہ ایمانداری کا کام نظر آتا ہے؟»

بڑوں کی یہ نوک جھونک جاری تھی کہ تینوں بھانجے بور ہو گئے۔ اور باہر کھیلنے جانے سے پہلے مجھے چڑھانے کی خاطر تینوں نے نعرہ مارا۔

«پاکستان بہت گندہ ہے»

اور باہر بھاگ گئے۔

کیپٹل ٹریول اینڈ کیپیٹل ٹریڈرز

IATA

ٹی۔وی، فریج اور کار وغیرہ کے مفت کتابچہ کے لیے

آج ہی فون کریں۔

FOR FURTHER INFORMATION CALL YOUR NEAREST OFFICE

Toronto: (416)465–5411
Windsor: (519)256–0654
Detroit: (313)963–3965
Columbus, Ohio.(614)457–3876

741 BROADVIEW AVE.
TORONTO, ONT. M4K 3Y3
Tel. 465-5411 465-5412

محفلِ شعر و سخن

(اشعار بہ اعتبارِ عنوان)

آسرا

دل کو کیا کیا سکون ملتا ہے
جب کوئی آسرا نہیں ہوتا ——— جگر مراد آبادی

•

ملا ہو یا نہ ملا ہو مجھے بقدرِ طلب
میرے لئے یہ بہت ہے کہ آسرا نہ گیا ——— رضی مرادنگری

•

اس شرمگیں نگاہ نے بھی کچھ کہا تو ہے
جینے کا اے سرور ابھی آسرا تو ہے ——— آل احمد سرور

آشیانہ

چار تنکے سہی مگر صیّاد
میری دنیا تھی آشیانے میں ——— قیس مونگیری

•

ہم نے اپنے آشیانے کے لئے
جو چبھیں دل میں وہی تنکے لئے ——— وحیدالدین وحید

•

ہم ایسے بدنصیب کہ اب تک نہ مر گئے
آنکھوں کے آگے آگ لگی آشیانے میں ——— یگانہ چنگیزی

•

زباں کٹتی ہے ذکرِ آشیاں پر
تمنا بھی بہت کٹتی آشیاں کی! ——— فانی

•

تنکے سہی مگر وہ مسافر نواز تھے
بجلی تڑپ رہی ہے مرا آشیاں نہیں ——— مضطر مظفرپوری

•

کیا بتاؤں کس قدر زنجیرِ پا ثابت ہوئے
چند تنکے جن کو اپنا آشیاں سمجھا تھا میں ——— نامعلوم

غزل

ظفر اقبال

رُکو اگر تو روانی بحال کر لینا
مثالِ سبزہ ہمیں پائمال کر لینا

ہمیں بھی شوق بہت ہے فریب کھانے کا
ہمارے ساتھ بھی ایک آدھ چال کر لینا

مطالبات ہمارے بہت زیادہ نہیں
بوقتِ فیصلہ اتنا خیال کر لینا

بس اپنا نام بتا دینا ایک بار ہمیں
پھر اپنی بے سخنی کو مثال کر لینا

جو دُور دُور ہی رہنا کوئی بڑی شے ہے
تو باکمال ہو، یہ بھی کمال کر لینا

زمانہ سنگِ ملامت بکف جہاں بھی اُٹھے
مری فضول محبت کو ڈھال کر لینا

میں اپنے خواب یہاں چھوڑ جاؤں گا اک دن
جو کر سکو تو ذرا دیکھ بھال کر لینا

مٹے گی روز کی اُلجھن تو ایک بار، ظفر
جواب کچھ تو ملے گا، سوال کر لینا



Pride without prejudice.

ہم سب اپنی ذاتی عزت چاہتے ہیں ۔۔۔ اور اپنے ہمسایوں اور دوستوں کی نظر میں عزت حاصل کرنا چاہتے ہیں ۔
آزاد شہریوں کی حیثیت سے کینیڈا کی جمہوری سوسائٹی میں رہتے ہوئے ہمارا حق ہے کہ ہم اپنی تہذیبی اقدار، مذہبی نشوونما، اپنی تاریخ اور اپنے پس منظر کو قائم رکھیں ۔ سب سے بڑھ کر ہمارا حق یہ ہے کہ تعصب اور جبر و اذیت سے آزاد ہو کر ایک متحد قوم میں رہیں جہاں پر ہم سب برابر ہیں ۔۔۔ کوئی بہتر یا برتر نہیں ۔

آپ کی کینیڈین حکومت اپنی ملٹی کلچرل ازم کی مستقل پالیسی کے ذریعہ یہ سب ممکن بناتی ہے ۔ یہ پالیسی ہمیں مساوی حیثیت سے یہ اجازت دیتی ہے کہ ہم اپنے تہذیبی ورثے سے واقف رہیں اور اسے قائم رکھیں ۔۔۔ اور ایک دوسرے کو اچھی طرح سے سمجھنے میں مدد دیتی ہے ۔ یہ ملٹی کلچرل پالیسی کئی متنوع پروگراموں کے ذریعے جن کا تعلق صوبائی حکومتوں، تعلیمی نظام، اطلاعاتی ذرائعوں، کمیونٹی گروپ اور کینیڈا کے لوگوں سے ہے، اپنا کام انجام دیتی ہے ۔

آپ سے ملٹی کلچرل ازم کے وزیر کا ایک اہم کام یہ ہے کہ وہ اس کا پکا اطمینان کرلے کہ بغیر کسی تہذیبی پس منظر کی تفریق کے تمام کینیڈین لوگوں کے لیے ہر شعبہ میں یکساں مواقع مہیا ہوں ۔

آپ کی کینیڈین حکومت کی ملٹی کلچرل ازم کی پالیسی "ہم میں اپنے آپ پر فخر" اپنی تہذیبی بنیادوں پر فخر اور اپنی قوم پر فخر کرنے کے احساسات پیدا کرکے ہمیں مل جل کر رہنے میں مدد کرتی ہے ۔
فخر ۔۔۔ بلا تعصب ۔

Multiculturalism

unity through human understanding

Honourable Norman Cafik
Minister of State
Multiculturalism

L'honorable Norman Cafik
Ministre d'Etat
Multiculturalisme

پندرہ روزہ
کریسنٹ
انٹرنیشنل
ٹورنٹو کینیڈا

أَلَآ إِنَّ أَوْلِيَآءَ ٱللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

سنو! کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ خوف ہوگا اور نہ غم ہوگا۔ (القرآن)

ایران میں عوامی شورش

جب دیر فیر یا اور فلپائن میں مسلمان آزادی اور خود مختاری کی جنگ لڑ رہے ہوں تو دنیا ہر طرف سے منہ پھیر لیتی ہے۔ کوئی قلم حل دو زدہ داستان تحریر نہیں کرتا۔ کوئی آنکھ اشکبار نہیں ہوتی۔

جب برما میں مسلمانوں پر قیامت ٹوٹ پڑتی ہے تو کسی دل میں بھی ہمدردی کی ہلکی سی لہر نہیں اٹھتی۔ جب لبنان میں مظلوم اور بے بس فلسطینی بوڑھوں، بوڑھیوں اور عورتوں پر اسرائیلی بمبار بیٹھے بم برسا کر لوٹ جاتے ہیں تو کسی کان پر جوں تک نہیں رینگتی۔

اور جب پاکستان دو لخت ہو رہا ہوتا ہے تو ساری دنیا خاموش تماشائی بن جاتی ہے۔

مگر تصویر کا دوسرا رخ :-

۱۹۵۳ء کے انتخابات کے بعد ظلم و استبداد کے خلاف جب ایک اسلامی تحریک اٹھتی ہے تو پوری دنیا کے پریس میں بھونچال آجاتا ہے کہ ملا لوگ تو پاکستان کو چودہ سو سال پیچھے لے جانا چاہتے ہیں۔ گویا پاکستان اسلامی تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے نہیں بلکہ مغربی بود و باش اور فرنگی تہذیب پر پورا اترنے کے لیے معرض وجود میں آیا تھا۔

اسی طرح یورپ اور امریکہ کے سرکردہ اخبارات کو آجکل ایران میں ابھرتی ہوئی اسلامی تحریک ذرا نہیں بھا رہی ہے۔ یہ مغربی رسائل اور اخبارات اس غم میں گھلے ہوئے جا رہے ہیں کہ ایرانی مسلمان کہیں ۱۴ سو سال پیچھے تاریک دور میں واپس نہ لوٹ جائیں۔

انسانیت کے لیے ہمدردی رکھنے والے ان دعویداروں سے ہم یہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ بے پناہ مغربی دولت سے مالا مال ملک ایران کے ایک عام شہری کو کیا زندگی کی جدید سہولتیں میسر ہیں جو کہ ایک عام امریکی یا انگریز کو میسر ہیں۔ کیا جدید اور مغربی ڈگر پر مائل ایران کے عوام کا تعلیمی تناسب امریکہ اور انگلینڈ کے ہم پلہ ہے۔ کیا ہر ایرانی کو جدید رہائشی سہولتیں دستیاب ہیں؟

درحقیقت ایک جدید ایرانی کا مقابلہ اگر ۱۴ سو سال پہلے کے ایرانی سے کیا جائے تو ہم دیکھیں گے کہ تاریک دور میں رہنے والا باشندہ جدید دور کے ایرانی سے کہیں زیادہ آسودہ، خوشحال اور آزاد تھا۔ تبھی تہران شہر اسلامی عظمت کا ابھرتا شاہکار ہوا کرتا تھا۔ آج یہ فحاشی کے اڈوں پر مشتمل بے راہ روی کا گہوارہ بن کر رہ گیا ہے۔ یہی فحاشی ایران کی اسلامی ثقافت کو چاٹ جانا چاہتی ہے۔ اس اژدہے کی مانند جو سالہا سال سے بھوکا، شکار کی تلاش میں بھٹک رہا ہو اور شکار اچانک مل جانے پر اندھا دھند ٹوٹ پڑا ہو۔

شمالی امریکہ اور یورپی اخبارات کے موقف میں ہم آہنگی سے ایک بات ضرور اخذ کی جا سکتی ہے کہ ان کی پالیسی مکمل یکسانیت کے ساتھ چند مخصوص مفادات کے حصول کیلئے ایک محور کے گرد گھومتی ہے اور اسلام دشمن پروپیگنڈہ پھیلانے میں وہ کامیاب نہیں ہیں کیا یہ بات اسلامی ممالک میں چھپنے والے لاتعداد "اسلامی" اخبارات کے لیے ایک لمحۂ فکریہ نہیں؟ مگر جب شخصیتوں کو پوجنے سے فرصت ہی کہاں — شاید یہ کچھنے پر نہیں باز گشت سنائی دے —

"اسے کسی اور نے دیکھا کہ اجالا اور اجنبی صبح کے ہیں
مجھے اس سیاہ رات کی شنا
از وں میں بھٹکتا چھوڑ دو!"

حسنی (ٹورانٹو)

مغربی جرمنی سے واپس آنے والے پاکستانی؟

"بی۔بی۔سی" کی اطلاع کے مطابق مغربی جرمنی کی حکومت نے پہلے ۱۹۶ پاکستانیوں کو ایک خصوصی طیارے کے ذریعے مغربی برلن سے لاہور بھجوا دیا ہے، جو وہاں ناجائز طور پر "سیاسی پناہ" لینے کے طلب گار تھے۔ اسی زمرے میں آنے والے پاکستانیوں کی ایک اور کھیپ بھی آج کل لاہور پہنچنے والی ہے۔ اس سے صرف ایک ہفتہ عشرہ پہلے اسی طرح کی ایک کھیپ کراچی پہنچائی گئی تھی، اور وفاقی ادارہ تحقیقات (ایف۔آئی۔اے) کے حکام نے ان سے پوچھ گچھ کے بعد انہیں اپنے گھروں میں جانے کی اجازت دے دی تھی۔

مغربی جرمنی میں "سیاسی پناہ" طلب کرنے کا یہ سلسلہ ۱۹۷۳ء میں شروع ہوا تھا جب مسٹر بھٹو کے دور حکومت میں سرحد اور بلوچستان میں نیپ اور جمعیت کی مخلوط حکومتیں معزول کر دی گئی تھیں۔ اور بیرونیت پر ملک سے باہر جانے کے خواہاں لوگوں کو "برآمد" کرنے والے ایجنٹوں نے یہ پٹی پڑھانی شروع کر دی تھی کہ وہ کالعدم "نیپ" سے تعلق رکھنے کی بنیاد پر یہ توجیہ اور جواز پیش کر کے مغربی جرمنی میں "سیاسی پناہ" طلب کریں کہ پاکستان میں ان سے برا ناروا سلوک کیا جا رہا ہے۔ ستمبر ۱۹۷۴ء میں ایک متفقہ آئینی ترمیم کے ذریعے جب قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا گیا، تو اس سے ناجائز فائدہ اٹھا کر سیاسی کے بجائے مذہبی بنیادوں پر بھی "سیاسی پناہ" طلب کرنے کا کاروبار شروع کر دیا گیا۔ فروری ۱۹۷۵ء میں شیر پاؤ کے سانحۂ قتل کے بعد نیپ پر پابندی لگائی گئی، تو ان عیار اور پاکستان دشمن عناصر نے پھر سے نیپ سے تعلق کو اپنے اس ناقابلِ معافی کاروبار کی بنیاد بنا لیا۔ جولائی ۱۹۷۷ء میں بھٹو شاہی کا سلسلہ ختم ہوا، تو پھر پیپلز پارٹی سے تعلق کی بنیاد پر بہر صورت "سیاسی پناہ" طلب کرنے کے لیے جواز بنایا جانے لگا۔

"بی۔بی۔سی" کی تازہ اطلاع کے مطابق بھی اب جن پاکستانیوں کو واپس بھیجا جا رہا ہے، ان کی بڑی تعداد نے پیپلز پارٹی سے ہی تعلق کی بنیاد پر "سیاسی پناہ" طلب کی تھی، لیکن مغربی جرمنی کی حکومت کو بھی اب معلوم ہو چکا ہے کہ پاکستان اور مغربی جرمنی کے مخصوص اور عیار خاص ایجنٹ باہمی گٹھ جوڑ سے دراصل "انسانوں کی تجارت" شروع کر رکھی ہے۔ اور یہ لوگ مغربی جرمنی میں "سیاسی پناہ" کے قانون سے ناجائز فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتے ہیں، چنانچہ وہاں سختی اور کڑی نگرانی کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔

مغربی جرمنی کے اس اقدام کی نوعیت اور جواز سے قطع نظر اس فراڈ سے چونکہ پاکستان کے نیک نام پر حرف آ رہا ہے، اس لیے حکومت پاکستان کو اس سارے معاملے کی پوری تحقیقات کرانی چاہئے کہ پاکستان میں وہ کون سے ایجنٹ اور دوسرے عناصر ہیں، جو "انسانوں کی تجارت" میں سرگرم ہیں۔ اسی طرح جو پاکستانی واپس بھیجے جا رہے ہیں، ان کے متعلق بھی جرمن حکام سے اس تفصیل کا ریکارڈ طلب کرنا چاہئے کہ ان لوگوں نے وہاں "سیاسی پناہ" لینے کے لئے کیا درخواستیں دی تھیں، اور ان میں اپنے وطن پاکستان پر کیا الزام عائد کئے تھے؟ بہتر روزگار اور مواقع کی تلاش اور توقع میں مغربی جرمنی جانے والے پاکستانیوں کی اکثریت بھی اب حقیقت حال سے پوری طرح بے خبر نہیں رہی ہوگی، اگرچہ "قانون سے لاعلمی بھی بے گناہی کا جواز نہیں ہوتی" اور یہ لوگ تو جانتے ہوئے اپنی درخواستوں میں پاکستان کے خلاف جس طرح کے الزام عائد کرنے میں ملوث ہو جاتے ہیں، انہی کے لیے ان کی یہ حرکت دانستہ پاکستان دشمنی کے ضمن میں آتی ہے۔ اس بنیاد پر انہیں (مغربی جرمنی جانے پر ہزاروں روپے کے اخراجات کے نقصان کے علاوہ) کچھ مزید سزا بھی دینی چاہئیے، اور انہیں بھیجنے والے ایجنٹوں اور گمراہ کرنے والے عناصر کو تو ایسی عبرت ناک سزا دینی چاہئیے کہ اس کے بعد کسی مزید انتباہ کی ضرورت ہی باقی نہ رہے۔

روزنامہ نوائے وقت لاہور

اللہ تعالیٰ کی قوت

اللہ تعالیٰ کی قوت کا تو لوگوں کو احساس ہی نہیں۔ بس رٹا کہہ دیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے پاس بڑی قوت ہے۔ کائنات ہی کو بغور دیکھیں تو آنکھیں کھل جائیں۔ کسی کے پاس چھوٹے سے علاقے کی حکومت ہو، تو ہم اسے بہت بڑا آدمی سمجھتے ہیں۔ وہ خود بھی جامے میں پھولا نہیں سماتا، حالانکہ اس کی حکومت محض جزوی اور عارضی ہوتی ہے۔

خیال فرمائیں کہ اگر کسی کے پاس ایک پورے براعظم کی حکومت آجائے، یا اس سے ایک قدم آگے جا کر کوئی پوری دنیا کا حکمران ہو جائے، تو پھر ہمارا اس کے متعلق اور اس کا اپنے متعلق کیا اندازہ ہو۔

اللہ تعالیٰ کی حکومت میں ہماری زمین ہی نہیں، اس جیسی ان گنت زمینیں ہیں۔ اور ہر دم نئی زمینیں دائرہ میں آ رہی ہیں۔ ایک ایک نظام شمسی میں بیسیوں سیارے ہیں۔ اور یہ نظام شمسی لاتعداد ہیں۔ اور سب حدود اپنے اپنے نظام کے ساتھ کسی نامعلوم سمت آگے بڑھ رہے ہیں۔ تمام سورجوں، سیاروں اور سیارچوں کے مدار مقرر ہیں۔ اوقات مقرر ہیں۔ کوئی اپنے مقررہ راستے سے ادھر ادھر نہیں ہوتا۔ نہ کوئی اپنے مقررہ وقت میں ایک لمحہ کی کمی بیشی کر سکتا ہے۔ یہ ہے اس خلاق مطلق کی تخلیق اور انتظام۔

کائنات کی وسعت انسان کو مبہوت کر دیتی ہے۔ اس ساری کائنات پر اللہ تعالیٰ کی حکومت ہے اور بلا شرکت غیر حکومت ہے۔ اور ہمیشہ کے لیے حکومت ہے۔ اس کی حکومت کو کبھی زوال نہیں۔

وہ ملک جو دنیا کی سپر پاورز تصور ہوتے ہیں، اللہ تعالیٰ کے سامنے ان کی کیا حیثیت ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ایک اشارہ، ایک نظر غضب، بڑی سے بڑی طاقت کو بھسم کر دینے کے لیے کافی ہے۔ یہ دور اسلام کی سربلندی کا دور ہے۔ جو کوئی اس کے راستے میں مزاحم ہوگا، تباہ کر دیا جائے گا۔ کس میں ہمت ہے کہ وہ طوفانوں کی راہ روک سکے!

عمل سنواریئے

قرآن کو زباں سے دل میں اتار لیجئے
عملی نمود چھوڑ کر عمل کو سنوار لیجئے
چشم و زباں میں کیجئے پیدا اثر شباب
بعد اس کے بندگانِ خدا کو پکار لیجئے

اکبر الٰہ آبادی

غزل

دل کی شکست دیکھ کر اہلِ نظر خاموش ہیں
کیسی مشکل آ پڑی ہے چارہ گر خاموش ہیں
لٹ گئی جنسِ متاعِ شوق اور اہلِ وفا
جانے کیسے لوگ ہیں کیا سوچ کر خاموش ہیں
دشت کی پہنائیوں میں کھو گئی ہر اک صدا
سہما سہما کارواں ہے راہبر خاموش ہیں
ہے طلسم بے حسی اشرف زمانے پر محیط
اہلِ دل خاموش ہیں اہلِ نظر خاموش ہیں

اشرف جاوید

For your dining pleasure, THE RAJPUTS, renowned for their excellent Indo-Pakistani Cuisine, bring to you,

The Rajputs
AKBAR'S COURT
384 YONGE ST. at Gerrard
Tel. 595-1725
Fast Take-out and Delivery

OTHER LOCATION
the RAJPUT I
376 Bloor St. W.
921-3679
HOURS: Monday to Saturday
12 noon till midnight
Sunday 5 - 10 p.m.

قائد اعظم نے فرمایا

میں مسلمانوں سے چاہتا ہوں کہ وہ صوبائی تعصب کی بیماری سے چھٹکارا حاصل کریں۔ کوئی قوم ترقی نہیں کر سکتی جب تک کہ وہ ایک صف میں متحد ہو کر آگے نہ بڑھیں۔ ہم سب پاکستان کے شہری ہیں۔ پاکستان میں زندگی بسر کرتے ہیں۔ اس لئے ہمیں بھی اس کا حق ادا کرنا چاہئے۔

بلدیہ کی استقبالیہ کے موقع پر، کراچی ۲۵ جنوری ۱۹۴۸ء



فرمودۂ اقبال

میر سپاہ ناسزا لشکریاں شکستہ صف
آہ! وہ تیر نیم کش جس کا نہ ہو کوئی ہدف!
تیرے محیط میں کہیں گوہرِ زندگی نہیں،
ڈھونڈ چکا میں موج موج، دیکھ چکا صدف صدف

گروسری - سبزیاں - مصالحہ جات

تازہ حلال گوشت

بازار سے مقابلتاً سستے داموں ہم سے طلب فرمائیں

Tel. 762-1633

ALFLAH GROCER

2774 Dundas St. West

Toronto, Ont.

مجھے یقین ہے بھٹو نے قتل کا حکم دیا ہوگا

سابق وزیر اعظم کو بچانے کے لئے اندرون ملک کوئی تحریک نہیں چلی

شملہ میں آمد کے موقع پر بھٹو سخت خوفزدہ تھے

اندرا گاندھی کا انٹرویو

لندن ۔۔۔ (پ پ) بھارت کی سابق وزیر اعظم مسز اندرا گاندھی نے کہا ہے کہ انہیں اس بات کا پورا یقین ہے کہ مسٹر بھٹو کو جس مقدمہ قتل میں لاہور ہائی کورٹ کی طرف سے سزائے موت دی گئی ہے مسٹر بھٹو نے فی الواقع اس قتل کا حکم دیا ہوگا کیونکہ مسٹر بھٹو جس علاقے سے تعلق رکھتے ہیں وہاں انسانی زندگی سے اہم کوئی چیز نہیں۔ لندن کے روزنامہ "سنڈے ٹائمز" کی ۱۰ ستمبر کی اشاعت میں مسز گاندھی کا ایک انٹرویو شائع ہوا ہے جس میں انہوں نے اس سوال پر کہ آیا مسٹر بھٹو کو واقعی پھانسی کی سزا دے دی جائے گی؟ مسز گاندھی نے کہا کہ پاکستان سے آنے والے جن افراد سے ملاقات کا انہیں موقع ملا ہے وہ سبھی کہتے ہیں کہ مسٹر بھٹو کو سزائے موت دے دی جائے گی کیونکہ اندرون ملک مسٹر بھٹو کو بچانے کے لئے کوئی تحریک نہیں چلی اور اس سے موجودہ حکمرانوں کو کافی حوصلہ ملا ہے مسز گاندھی نے کہا کہ انہیں یقین ہے کہ مسٹر بھٹو نے قتل کا حکم دیا ہے۔ مسٹر بھٹو کے متعلق ایک اور سوال کے جواب میں مسز گاندھی نے کہا کہ جب وہ ان سے ملنے شملہ آئے تو وہ بہت خوف زدہ تھے [illegible] بلائے۔ بعد میں جب ہم مصطفےٰ اور ان کی پارٹی گورنر ہاؤس کے اندر گئے تو بھی مسٹر بھٹو کو اپنے حواس بحال کرنے میں کافی دیر لگی۔

چودھری ظہور الٰہی کو سیاسی امور کا قلمدان بھی سونپ دیا گیا

راولپنڈی ۔۔۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر جنرل محمد ضیاء الحق نے سیاسی امور کا قلمدان چودھری ظہور الٰہی کو سونپ دیا ہے جس کے تحت افرادی قوت اور بیرون ملک پاکستانیوں کے اہم محکمے پہلے ہی ان کے پاس ہیں۔ با وثوق ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ پاکستان قومی اتحاد کے الیکشن سیل اور جنرل ضیاء الحق سے ملاقاتوں اور مذاکرات میں چودھری ظہور الٰہی نے جو اہم کردار ادا کیا ہے

ہم اسلام، اقتصادی مساوات اور سیاسی آزادی کو ایک وحدت کی صورت میں پیش کر کے عوام کے مسائل حل کریں گے

محمد حنیف رامے نے نئی پارٹی کے منشور کا اعلان کر دیا

لاہور ۔۔۔۔۔ (نمائندہ خصوصی رپورٹر سے) پنجاب کے سابق وزیر اعلیٰ اور پاکستان مسلم لیگ کے سابق چیف آرگنائزر مسٹر محمد حنیف رامے نے نئی سیاسی جماعت "پاکستان مساوات پارٹی" کے قیام کا اعلان کیا ہے۔ اس پارٹی کے کنوینر وہ خود ہوں گے۔ مسٹر رامے جو پاکستان پیپلز پارٹی کے بانی ارکان میں ہیں اور آٹھ برس تک اس سے منسلک رہے ہیں، نے یہ اعلان آج اپنی اقامت گاہ پر ایک پریس کانفرنس میں کیا۔ انہوں نے پریس کانفرنس میں [illegible] سیاست کو آگے بڑھانا ہے تو سیاست کے ان تینوں دھاروں کو وحدت کی صورت میں یکجا کرنا ہوگا۔

پروفیسر خورشید احمد نے وفاقی وزیر کے عہدے کا حلف اٹھا لیا

منصوبہ بندی کمیشن کے ڈپٹی چیئرمین بھی ہوں گے

راولپنڈی ۔۔۔۔۔ (پ پ) پروفیسر خورشید احمد نے آج وفاقی وزیر کے عہدے کا حلف اٹھا لیا۔ آپ منصوبہ بندی کمیشن کے ڈپٹی چیئرمین بھی ہوں گے۔ ریڈیو پاکستان کے مطابق [illegible]

رونا لیلیٰ

The Sensational Crooner from Bangladesh who took India by storm. The craze of Pakistan will perform for you in U.S.A. and Canada

SEPT./OCTOBER 1978

Do Not Miss ● This Great ● Show Of ● The Year ●

Full of ● Fun ● and ● Excitement

RUNA LAILA

GALAXY OF INTERNATIONAL STARS
ALL IN ONE GREAT SHOW

- Comedian Johny Whisky
- Comedian Tun Tun
- Singer Jaspal Singh
- Dancer Sujata
- with seven-piece orchestra

SPONSORED IN USA AND CANADA BY

M. A. Ansari INTERNATIONAL SHOWS INC.

3130 Cass Ave., Detriot, Mi. 48201 [313] 295-2882 [313] 831-0056

یحییٰ خان نے بیرونی طاقت کے اشارے پر پاک فوج کو

۱۹۶۵ء میں اکھنور پر قبضہ کرنے سے روک دیا تھا

اس سازش میں ایوب خان اور ریٹائرڈ جنرل موسیٰ بھی شریک تھے

فوج کو جسٹ کاپٹ تباہ نہ کرنے کا بھی غلط حکم دیا گیا تھا

اکھنور پر قبضہ اس لئے نہیں کیا کہ مجھے اس کا حکم ملا تھا

لاہور (ا ــــ) دہا ہے فوجی جمہوریت پاکستان کے سابق صدر اور کمانڈر انچیف جنرل یحییٰ خان نے ایک سازش کے تحت ۱۹۶۵ء کی جنگ میں پاکستانی فوج کو مقبوضہ کشمیر میں اکھنور پر قبضہ کرنے سے روک دیا تھا اور یہ سب کچھ کسی بیرونی طاقت کے ایما پر ہوا تھا واضح رہے کہ یحییٰ خان امریکہ کے

یحییٰ نے کہا بریگیڈیئر تاریخ تبدیل کرنے کے عوامل تمہاری سمجھ میں نہیں آتے

ایک ہسپتال میں آج کل زیر علاج ہیں۔ اس امر کا انکشاف ریٹائرڈ بریگیڈیئر احمد چودھری دیال جرأت نے اپنی حال ہی میں شائع ہونے والی کتاب "ستمبر ۱۹۶۵ء" میں کیا ہے یہ کتاب فیروز سنز نے شائع کی ہے یحییٰ خان ۱۹۶۵ء کی جنگ میں چھمب جوڑیاں

[illegible]

نے لکھی ہے وہ یہ ہے کہ غالباً ایوب خان ان تمام جنگی فیصلوں میں جس سے کہ پاکستان کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا یعنی اکھنور پر قبضہ نہ کرنا اور شاید اسی طرح سے امرتسر کے محاذ پر دانستہ پسپائی کروانا وغیرہ ان تمام فیصلوں میں ایوب خان شامل تھے اور غالباً انہوں نے یہ فیصلہ اسی بیرونی قوت کے اشارے اور دباؤ کے تحت کیا جس قوت کو ایوب خان نے اپنی کتاب میں "فرینڈز ناٹ ماسٹرز" کے نام سے پکارا ہے۔

لاہور کی جنگ کی غیر ذمہ دارانہ اور غیر پیشہ ورانہ قیادت کی ذمہ داری بریگیڈیئر چودھری یحییٰ خان پر عائد کرتے ہیں ان کے اپنے الفاظ ۱۹۶۵ء سانحہ کے بارے میں یہ ہیں۔ "میرے اپنے خیال کے مطابق یحییٰ خان نے دانستہ طور پر نیازی کو مشرقی پاکستان کی جنگ کی حکمت عملی کے لئے لکھے ہوئے احکامات بھی دیئے کیونکہ وہ جانتا تھا کہ مشرقی پاکستان کا سقوط لازمی ہے اور وہ اس کی تمام ذمہ داری لیفٹیننٹ جنرل نیازی کے کندھوں پر ڈالنا چاہتا تھا"

Help Fund the Communist Weekly!

Today, the Canadian Marxist-Leninist Group IN STRUGGLE! is faced with a new challenge: its newspaper is now weekly!

For 5 years we have published every 2 weeks to make known the communist point of view within the Canadian working class. Today, both political repression and efforts to divide the english and french speaking proletariat are increasing. This is why it is so important for us to intervene every week.

Support the weekly IN STRUGGLE!

Campaign objective: $60,000.

Send donation to: Toronto: 2749 Dundas W., Ont.

THE NAME YOU HAVE LEARNED TO TRUST FOR

حلال گوشت

HALAL MEAT

spicetown

2210 DUNDAS STREET WEST

(Near Jami Mosque)

PHONE:(416)532-8267

(Free Delivery)

حیدرآباد دکن میں مسلم کش فسادات پر قابو نہیں پایا جا سکا

چاقو گھونپنے کی وارداتیں۔ پولیس نے مشتعل ہجوم پر لاٹھی چارج کیا

نئی دہلی ــــ (رلپ پپ) آندھرا پردیش کے دارالحکومت حیدرآباد میں تین دن پہلے جو مسلم کش فسادات شروع ہوئے تھے۔ ان پر ابھی تک قابو نہیں پایا جا سکا۔ آج کرفیو میں وقفہ کے دوران پھر چھرا گھونپنے اور لوٹ مار کی وارداتیں ہوئیں ایک مشتعل ہجوم نے موٹر سائیکل کو آگ لگا دی جس پر پولیس نے لاٹھی چارج کیا۔ ۵۰ افراد کو گرفتار کر لیا گیا ہے اس طرح گزشتہ تین روز کے دوران کل ۴۰۰ افراد گرفتار کئے گئے ہیں جن میں اکثریت مسلمانوں کی ہے۔ ایک شخص ہلاک اور ۵ افراد زخمی ہو چکے ہیں۔

بزنجو کے بیان سے این ڈی پی کا کوئی تعلق نہیں ہے: بیگم نسیم ولی خان

پشاور ــــ (نمائندہ) نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی کی رہنما بیگم نسیم ولی خان نے کہا ہے کہ میر غوث بخش بزنجو ہماری پارٹی کے رکن نہیں ہیں اس لئے ان کے خیالات بھی ہماری پارٹی کے خیالات نہیں ہو سکتے انہوں نے کہا کہ اگر وہ ہماری پارٹی میں شامل ہوتے ہیں تو ایسا ہمارے منشور کو تسلیم کرنے کے بعد ہی ہو سکے گا۔ بیگم نسیم ولی خان پشاور میں پارٹی کی صوبائی ورکنگ کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کر رہی تھیں۔

مغربی برلن سے مزید سو پاکستانیوں کا انخلاء

کراچی ــــ (پ پ) مغربی برلن سے نکالے گئے مزید ایک سو پاکستانیوں کو ایک خصوصی طیارے کے ذریعے کراچی پہنچا دیا گیا یہ پاکستانی تارکین وطن مشرقی جرمنی سے غیر قانونی طور پر مغربی برلن میں داخل ہوئے تھے اس سے پیشتر چار سو سے زائد تارکین وطن کو پاکستان پہنچایا جا چکا ہے اور مزید پاکستانیوں کی آمد کی توقع ہے اس سے پہلے کی اطلاعات کے مطابق گزشتہ چھ ماہ کے دوران دو ہزار کے قریب پاکستانی غیر قانونی طور پر مغربی برلن میں داخل ہوئے تھے۔

MADAM TUSA

SPIRITUAL READER AND ADVISOR

She will help you where others have failed. She will guarantee to help you on problems such as love, marriage, enemies, bad luck and all sickness no matter what they may be.

She has devoted her life and soul to those who are in need of help. One visit will convince you of her great God gifted powers.

PRIVATE AND CONFIDENTIAL READINGS

261 OLD WESTON ROAD, SOUTH OF ST. CLAIR AVENUE WEST

TEL: 653-0450

She is here today and not gone tomorrow. Promises results.

DAR AUTOS

Licensed Mechanic
Tune-up & General Repair
Reliable Service
Reasonable Rates
Your Satisfaction Guaranteed

Mon. - Fri. 5 p.m. - 10 p.m.
Sat. 10 a.m. - 5 p.m.

Phone 652-1262

Golden Mile گولڈن مائیل

CHEVROLET OLDSMOBILE

MOTORS LIMITED

گولڈن مائیل کی ۱۹۷۸ء ماڈل کی اپنی نمائشی گاڑیوں کی خاص کم قیمت سیل شروع ہے!

نئی یا پرانی گاڑیوں کی خرید کے لیے ہماری خدمات حاصل کیجئے۔

ANWAR SHAIKH

TELEPHONE: 759-2201 - AREA CODE 416

1897 EGLINTON AVENUE EAST, SCARBOROUGH, ONTARIO

کپڑوں اور ہوزری کی مشینری کو ڈیوٹی سے مستثنیٰ کر دیا گیا

سوتی مصنوعات کی برآمد پر چھوٹ دینے کا فیصلہ

حکومت نے روئی اور سوتی مصنوعات کے بارے میں نئی پالیسی کا اعلان کر دیا

اسلام آباد ۔۔۔۔ (اپ پ) حکومت نے آج روئی اور سوتی کپڑے کی مصنوعات کے بارے میں اپنی نئی پالیسی کا اعلان کر دیا ہے اس کے تحت سلے سلائے کپڑے، تولیے اور ہوزری کے کارخانوں میں ترسیع یا نئے کارخانے کے لئے مشینری کو درآمدی ڈیوٹی سے مستثنیٰ کر دیا گیا ہے بشرطیکہ یہ مشینیں اندرون ملک تیار نہ ہوتی ہوں۔ سوتی مصنوعات کی برآمد پر چھوٹ دینے کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے اور روئی کی مختلف اقسام کی قیمتوں کا بھی تعین کر دیا گیا ہے۔

پاکستان جدید ترین فرانسیسی میزائل اور امریکی بمبار طیاروں کے پانچ سکواڈرن حاصل کر رہا ہے

فرانس نیچی پرواز کرنے والے طیاروں کا سراغ لگانے کیلئے راڈار سسٹم مہیا کرے گا

مشکلات کے باوجود پاکستان اپنی فضائی اور بحری قوت میں بڑی تیزی سے اضافہ کر رہا ہے

گل محمد جوگیزئی کے سفیر بن جانے کا امکان

کراچی ۔۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) غیر مصدقہ اطلاعات کے مطابق سابق وفاقی وزیر گل محمد جوگیزئی کو ایک ملک میں پاکستان کا سفیر مقرر کئے جانے کا امکان ہے۔

مسئلہ کشمیر سے پاکستان کی دستبرداری کا مشورہ بھٹو کی ہدایت پر دیا گیا تھا

بھارت کے ساتھ کنفیڈریشن کی تجویز بھٹو کے ایما پر پیش کی گئی

نظریہ پاکستان کے منافی کتب شائع کرائی گئیں: قرطاس ابیض

کراچی ۔۔۔۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان کنفیڈریشن کے قیام کی تجویز سابق وزیراعظم بھٹو کی ایما پر پیش کی گئی تھی ...

مزاری، بیگم نسیم اور عابد زبیری سعودی عرب کا دورہ کریں گے

کراچی ۔۔۔۔ (اپ پ) این ڈی پی کے صدر سردار شیر باز مزاری، نائب صدر بیگم نسیم ولی خان اور مرکزی سیکرٹری اطلاعات مسٹر عابد زبیری کو پاک سوسائٹی آف سعودی عرب نے سعودی عرب کا دورہ کرنے کی دعوت دی ہے۔ خیال ہے کہ این ڈی پی کے مذکورہ رہنما اس سال اکتوبر میں سعودی عرب جائیں گے۔ اور بعد ازاں اردن اور شام کا دورہ بھی کریں گے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہر قسم کی پاکستانی و ہندوستانی فوڈ کے علاوہ انٹرنیشنل فوڈ
یعنی ہر قسم کی خوراک نہایت کم قیمت پر خریدنے کے لئے
ہمیں خدمت کا موقع دیجئے۔

ہمارا نصب العین آپ کی تسلی ہے

WHOLESALE & RETAIL

Please Call ISMAIL *At*

461-2839

HOUSE OF HALAL MEAT

803 Danforth Avenue

Toronto, Ontario

Fresh Halal Meat & Vegetables

پیپلز پارٹی کسی دوسری جماعت کے ساتھ اتحاد نہیں کرے گی ۔۔۔ بے نظیر بھٹو

پارٹی سے نکلے جانے والوں کو دوبارہ واپس نہیں لیا جائے گا

جنرل ضیاء الحق سے میری ملاقات غیر سیاسی نوعیت کی تھی، میں ساٹھ برس کا ہو رہا ہوں اب مجھے سیاست سے ریٹائر ہو جانا چاہیے ۔۔۔ ولی خان

پشاور ۔۔۔۔ (اپ پ) نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی کے لیڈر خان عبدالولی خان نے بتایا ہے کہ چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر جنرل محمد ضیاء الحق کے ساتھ ان کی ملاقات غیر سیاسی نوعیت کی تھی ...

مرتضیٰ بھٹو کا لندن میں چالان ہو گیا

بزنجو کو این ڈی پی میں شامل نہ کرنے کا فیصلہ

سابق وزیر اعظم نے اپنی شخصیت اور امیج کی تعمیر کیلئے کروڑوں روپے خرچ کیے: وہ سیاسی مخالفین کا وجود تک برداشت کرنے کے لیے تیار نہ تھے

ریڈیو، ٹیلیویژن، خبر رساں ایجنسیوں اور پریس ٹرسٹ کے اخبارات کو حزب اختلاف کی خبریں شائع کرنے سے قطعی طور پر روک دیا۔ صحافیوں اور ادیبوں کے ضمیر خریدے گئے اور با ضمیر اور محب وطن اخبارات و جرائد کیلئے بقا کا مسئلہ پیدا کر دیا گیا

بلوچستان اور سرحد میں نیپ اور جمعیت کی مخلوط حکومتیں ختم ہونے پر اپوزیشن کیخلاف زہریلا پروپیگنڈا کیا گیا

حزب اختلاف کی اچھی باتوں کو بھی توڑ موڑ کر پیش کیا جاتا رہا۔ ابلاغ عامہ کے غلط استعمال کے بارے میں قرطاس ابیض جاری کر دیا گیا

راولپنڈی۔ ــــــ (پ پ ا) سابق وزیر اعظم مسٹر بھٹو جمہوریت اور اقتدار کی سیاست پر یقین رکھتے تھے۔ انہوں نے پاکستان کے سیدھے سادے عوام کو جو آسانی سے ہر بات پر یقین کر لیتے ہیں بہت سے سبز باغ دکھائے۔ اظہار خیال کی آزادی کا یقین دلایا مگر اقتدار میں آتے ہی ان کی تمام آزادیاں سلب کر لیں اور ایسی بد ترین قسم کی پابندیاں عائد کر دیں ... اور ہمیشہ ہی کذب و افترا کے ذریعے انہیں فریب دیا جاتا رہا۔ یہ ہے وہ المناک داستان جو قرطاس ابیض کے اجزاء سے نہایت واضح طور پر سامنے آتی ہے۔ مسٹر بھٹو نے ذرائع ابلاغ کو عوام کے نظریات کو مسخ کرنے، ان کے ثقافتی ورثے اور اقدار کو تباہ کرنے کے لئے استعمال کیا بلکہ حقیقت تو یہ ہے کہ مسٹر بھٹو نے ہر اس چیز کو تباہ کرنے کی کوشش کی جسے عوام دل و جان سے عزیز رکھتے تھے۔ ذرائع ابلاغ کو مسٹر بھٹو کی شخصیت ابھارنے کے لئے بے دریغ استعمال کیا گیا اور حزب اختلاف کے رہنماؤں کی ہر اچھی بات توڑ موڑ کر ... غلط رپورٹنگ کے ذریعے مسخ کر کے پیش کیا گیا۔ اس طرح ان کی خوبیاں بھی قابل نفرت بنا کر پیش کی گئیں۔ قرطاس ابیض قریباً ۲۸۰ صفحات پر مشتمل ہے اور اس میں اہم دستاویزات کی فوٹو سٹیٹ نقول بھی شامل ہیں۔ ان میں وہ احکامات و ہدایات بھی شامل ہیں جو مسٹر بھٹو نے وقتاً فوقتاً جاری کیں۔ ...

جنگوں میں خوب استعمال کیا۔ بلوچستان میں صوبائی حکومت کی معطلی کے بعد مشرق کوئٹہ اور پشاور کو مجبور کیا گیا کہ وہ کالعدم نیپ اور جمعیت العلمائے اسلام کی قیادت کو بد نام کریں۔ اس طرح ... کے خلاف زبردست پراپیگنڈہ مہم شروع کی گئی اور روزنامہ مشرق کو کئی بار اسی قسم کے مضامین چھاپنے پر مجبور کیا گیا۔

باپ کی پبلسٹی

مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے اپنے افراد خانہ کی پبلسٹی کے علاوہ اخبارات میں اپنے والد مرحوم سر شاہنواز بھٹو کو ... عظیم شخصیت ظاہر کرنے کے لئے کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیا۔ ذرائع ابلاغ کے غلط استعمال کے قرطاس ابیض کے مطابق مسٹر بھٹو نے اپنے والد کا مقام بلند کرنے کے لئے ۱۹۷۶ء میں ۲۵ دسمبر کو یوم قائد اعظم کے موقع پر ۱۹۴۳ء میں کراچی میں لی گئی ایک گروپ تصویر کو خاص طور پر اخبارات میں شائع کرایا جس میں مرحوم سر شاہنواز بھٹو حضرت قائد اعظم محمد علی جناح کے ساتھ بیٹھے تھے۔ مسٹر بھٹو نے یہ تصویر اپنے خاندانی البم سے محکمہ اطلاعات کو فراہم کی تھی جس کی کاپیاں پورے پاکستان کے اخبارات میں تقسیم کی گئیں اور یہ ہدایت دی گئی کہ اسے نمایاں جگہ پر شائع ہونا چاہیے۔

بھٹو کے بارے میں فلم پر ایک لاکھ روپے خرچ ہوئے

وزارت اطلاعات نے ایک اردو فلم کرن کرن اجالا تیار کی تھی جو مسٹر ذوالفقار علی بھٹو کے بارے میں تھی۔ اس فلم پر ایک لاکھ روپے سے زائد لاگت آئی تھی۔ ۲۲ فروری ۱۹۷۳ء کو مسٹر بھٹو سے درخواست کی گئی کہ وہ اس فلم کو ریلیز ہونے سے پہلے دیکھ لیں۔ اس وقت کے وزیر اطلاعات مولانا کوثر نیازی نے کہا کہ جیسا کہ وزیر اعظم کے ساتھ تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔ ان کی زندگی کے تمام حالات کو بچپن سے اب تک فلمایا گیا ہے۔ ۱۹۷۳ء کے آخر میں ...

اس فلم کی نمائش کی گئی اور مسٹر بھٹو نے اس فلم کو دیکھا اور اس کی منظوری دے دی۔

دیکھ لینے کی سزا

کراچی کے ایک رسالے "پاکستان اکانومسٹ" نے سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کے خلاف جرأت سے کام لیتے ہوئے ایک بار کارٹون کی صورت میں ... شائع کی تھی۔ مسٹر بھٹو کا کارٹون پڑھنے کے بعد اس وقت کے وزیر اطلاعات مولانا کوثر نیازی نے حکم دیا کہ پاکستان اکانومسٹ کے لیے تمام سرکاری اشتہارات بند کر دیئے جائیں اور آئندہ اس کے اخباری کاغذ کا کوٹا بھی منسوخ کر دیا جائے۔

زمانہ ابھی کے جھلکیاں

- سب سے بڑے ہفت روزہ ... صحافی ...
- ایک دن میں ترجیحات بدل گئیں
- تین وزیر اور ... زیادہ اخبار و جرائد ...
- ایک ... صحافیوں کو جیل بھیج دیا

راولپنڈی ــــــ (پ پ ا) بھٹو دور میں ذرائع ابلاغ عامہ کے ذرائع کو غلط طور پر استعمال کرنے کے بارے میں جو قرطاس ابیض شائع کیا گیا ہے اس میں بتایا گیا ہے کہ جونہی مسٹر بھٹو نے ۲۰ دسمبر ۱۹۷۱ کو اقتدار سنبھالا انہوں نے پریس سے متعلق کارروائیاں شروع کر دیں۔ اقتدار سنبھالنے کی شام ہی انہوں نے سب سے پہلے جس شخص کو برطرف کیا وہ ایک صحافی تھا یعنی صحافی پاکستان ٹائمز کے ایک سینئر ایڈیٹر ... جو اس وقت وزارت اطلاعات میں آفیسر آن سپیشل ڈیوٹی تھے ...

کوثر نیازی کی تصنیف دیدہ ور کی پانچ سو جلدیں خریدنے کیلئے سرکاری خزانے سے ایک لاکھ ۵۳ ہزار روپے ادا کیے گئے

راولپنڈی ــــــ (پ پ ا) بھٹو کے دور کے وزیر اطلاعات مولانا کوثر نیازی کی کتاب "دیدہ ور" جو انہوں نے بھٹو کی مدح میں لکھی تھی کی طباعت وغیرہ کے اخراجات سرکاری خزانے سے ادا کیے گئے۔ سرکاری ریکارڈ کے مطابق ... فروری ۱۹۷۷ء میں "دیدہ ور" کی چار ہزار کاپیاں ایک لاکھ ۵۳ ہزار ... روپے میں خریدی گئیں۔ ... قرطاس ابیض کے مطابق صوبائی حکومتوں اور ... ادا روں سے بھی یہ کتاب خریدی گئیں۔

صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات سے قبل بلدیاتی انتخابات ضروری ہیں

جمہوریت کو اوپر سے نازل کرنے کے بجائے نچلی سطح سے پہنپنے کا موقع دیا جائے: زاہد سرفراز

فیصل آباد۔ ــــــ نمائندہ خصوصی: جمہوریت کو اوپر سے نازل کرنے کی بجائے اسے نچلی سطح سے پہنپنے کا موقع دینا چاہیئے اور اس کی بہتر صورت یہ ہے کہ صوبائی انتخابات سے پہلے بلدیاتی انتخابات کرائے جائیں۔ ان خیالات کا اظہار آج وزیر تجارت میاں زاہد سرفراز نے اوکاڑہ ایپلائز یونین فیصل آباد کی تقریب حلف برداری کے موقع پر کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلدیاتی انتخابات جمہوریت کی نرسری ہے۔ لہٰذا میری ذاتی رائے یہ ہے کہ بلدیاتی انتخابات صوبائی انتخابات سے قبل کرائے جائیں۔ اور جہاں تک ممکن ہو جلد سے جلد انتخابات کرائے جائیں۔

انہوں نے اپنے ساتھیوں کو مشورہ دیا کہ ذاتی مصلحتوں سے بلند ہو کر ملک و ملت کے وسیع تر مفاد کو مد نظر رکھیں اور بلدیاتی انتخابات کو اولیت دیں۔

تقریب سے وفاقی وزیر تجارت نے یونین کے نو منتخب عہدیداروں سے حلف وفاداری اٹھوایا۔ یونین سیکرٹری ... احمد چیمہ کے پیش کردہ خطبہ استقبالیہ کے جواب میں انہوں نے ملازمین کے جائز مطالبات پر ہمدردانہ غور کا وعدہ کیا۔

جاوید ہاشمی بیرونی دورے پر روانہ ہو رہے ہیں

راولپنڈی ــــــ (پ پ ا) وفاقی وزیر مملکت برائے طلبا و امور نوجوانان کل برطانیہ کے بارہ روزہ سرکاری دورے پر لندن روانہ ہو رہے ہیں۔ اس دورے کے دوران وہ ادنبرا میں ٹیکنیکل ایجوکیشن کے بارے میں ایک سیمینار میں بھی شرکت کریں گے اور بعد میں امریکہ روانہ ہو جائیں گے۔

MULTIPLE LISTING SERVICE MLS

Century 21

ROYAL LAND REALTY CORP. LTD.

[Each office is independently owned and operated]

جائیداد کی خرید و فروخت کیلئے مشورہ

IN CANADA OR USA

حاصل کر سکتے ہیں

SYED K. AHMED
Bus. [416] 694-0102
Res. [416] 625-9739

2820 Danforth Ave.
TORONTO, ONT.
M4C 1M1

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

We are famous for
HALAL MEAT
at
Reasonable Prices!

فریضۂ قربانی کی ادائیگی کے لیئے ہماری خدمات حاصل کیجیے

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

free regular deliveries in Toronto

INDUS
Food Mart
922 Pape Ave. Toronto, Ont.
Your Halal Hot-Line - 466-2323

Introduce
Crescent
to a Friend


NOW
ON-THE-SPOT CASH PRIZES.
NOW
10 CHANCES AT $1 MILLION.
NOW
BETTER THAN 1 CHANCE IN 5 TO WIN.
THE PROVINCIAL.
STILL
JUST $5 A TICKET.
BONUS! BONI!
SCRATCH HERE
PRIZES/LOTS $100 $20 $10
VOID IF REMOVED
$1 Million
$5.
The Provincial/SUPERLOTO
STILL
JUST $5 A TICKET.
NOW A LOT MORE LOTTERY.
یہ بالکل نئی پروونشیل لاٹری ہے جس میں آپ کے لیے پہلے سے کہیں زیادہ انعامات ہیں اور پھر بھی یہ سب ۵ ڈالر میں ہی ہیں۔
آپ کو صرف ۵ ڈالر میں ملین ڈالر جیتنے کے دس مواقع ہیں۔
آپ کو قرعہ اندازی کے مقام پر رقمی انعام جیتنے کا موقعہ بھی ہے۔
The Provincial
A better chance for everyone
$10
دوسری گورنمنٹ لاٹریوں کے مقابلے میں پروونشیل میں آپ کی جیت کے قوی امکانات ہیں
صرف ۵ ڈالر میں ایک بڑی لاٹری۔
ابھی اپنا ٹکٹ خرید لیجئے۔
WITH AN EXTRA
$1 MILLION BONUS DRAW
SEPTEMBER 24.



(آج بیرونی ممالک میں مقیم سفیروں کی ترقی تجارت کی بنیاد پر ہوگی۔ دنا پوسرفراز)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

پندرہ روزہ **کریسنٹ** انٹرنیشنل

ٹورنٹو کینیڈا

جلد: ۷ | ۱۲ر شوال ۱۳۹۸ھ | ۱۵ر ستمبر ۱۹۷۸ء | شمارہ: ۱۳ا

بیرون ملک مقیم پاکستانی دو سال میں ایک مرتبہ اپنے افراد خانہ کو مختلف اشیاء بھیج سکتے ہیں

سکوٹر، ریفریجریٹر، ایئر کنڈیشنر اور ٹیلیویژن سیٹ وغیرہ بھیجنے کے طریق کار کا اعلان

ارسال کردہ تحائف پر معمول کے مطابق کسٹم اور سیلز ٹیکس ادا کرنا ہوگا، گفٹ سکیم کی تفصیل



"مقدس ہستی"

پریس اینڈ پبلی کیشنز آرڈی ننس کی تنسیخ اور صحافیوں کیلئے تیسرے اجرت بورڈ کا قیام زیر غور ہے

حکومت صحافیوں کی گروہ بندی ختم کرنے کیلئے اقدامات کرے گی: محمود اعظم فاروقی

بیرون پبلسٹی کے افسران غیر ممالک میں شکوک دور کر کے پاکستان کا وقار بلند کریں

ذرائع ابلاغ کا بنیادی مقصد عوام کو نظریہ پاکستان سے روشناس کرانا ہے: محمود اعظم فاروقی

لاہور ــــــ (اے پ پ) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات مسٹر محمود اعظم فاروقی نے کہا ہے کہ وہ اپنی وزارت کے بیرونی پبلسٹی کے شعبے کو فعال بنانا چاہتے ہیں تاکہ مطلوبہ نتائج حاصل کئے جا سکیں۔ آج یہاں اے پی پی سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا میں اس شعبے کی کارکردگی کے بارے میں اخبارات میں مختلف رپورٹیں پڑھتا رہا ہوں۔ اس شعبے کے قیام کا مقصد یہ تھا کہ بیرونی دنیا کے عوام کو نظریہ پاکستان سے روشناس کرایا جائے۔ پبلسٹی اتاشیوں اور پریس قونصلروں کا یہ فرض تھا کہ وہ غیر ملکیوں کے ذہنوں سے اس بارے میں ابہام اور شکوک و شبہات دور کرتے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے بیرونی پبلسٹی کے ذمہ دار افسروں کو تلقین کی کہ وہ اپنے ان فرائض کا احساس کریں جو قوم کی طرف سے ان پر عائد ہوتے ہیں اور اپنے ملک کا وقار بیرونی دنیا میں بلند کریں۔ ریڈیو اور ٹیلی ویژن کی کارکردگی کے بارے میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ذرائع ابلاغ کا بنیادی مقصد قوم اور بالخصوص نوجوانوں کو نظریہ پاکستان سے روشناس کرانا ہونا چاہئے اور ذرائع ابلاغ کو ایسا ماحول پیدا کرنا چاہئے جہاں ہر پاکستانی ملک کے بنیادی نظریے کے مطابق اپنی زندگی بسر کر سکے۔ ریڈیو اور ٹیلی ویژن کو اپنی پالیسیاں اسی مقصد کو پیش نظر رکھتے ہوئے ترتیب دینا چاہئیں۔ جب ان سے دریافت کیا گیا کہ وہ ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے پروگراموں میں کیا تبدیلیاں لائیں گے تو انہوں نے جواب دیا مستقبل کی پالیسی بنانے سے قبل میں اس شعبے سے متعلق افراد سے مشورہ کروں گا کہ یہ پالیسیاں قابل عمل ہونی چاہئیں یا طویل المیعاد۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا بیوروکریسی میں بھی اچھے اور نظریاتی لوگ موجود ہیں جو ماضی میں مناسب رہنمائی اور تعاون کے فقدان کے باعث صحیح کام نہیں کر سکے۔

بیگم نصرت بھٹو سے میرا اختلاف اصولی تھا، دونوں گروپ پھر اکٹھے ہو جائیں گے

وفاقی کابینہ انتخابات سے قبل مستعفی ہو جائے: انتخابات عدلیہ اور فوج کرائے: کوثر نیازی

راولپنڈی ــــــ (اے پ پ) پاکستان پیپلز پارٹی کے سابق سیکرٹری جنرل مولانا کوثر نیازی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کے دو گروپوں کے مابین موجودہ اختلافات ختم ہو جائیں گے اور وہ دوبارہ متحد ہو جائیں گے۔

مغربی جرمنی سے نکالے جانے والے ۳۰ پاکستانی کراچی پہنچ گئے

جرمن ایجنٹوں نے ان سے بھاری رقوم ہتھیا لیں

حکومت پاکستان جرمن ایجنٹوں کے خلاف کارروائی کے لیے مواد مہیا کرے گی

پنجاب کے سرکاری ملازم پانچ سال سے زیادہ عرصہ کیلئے بیرون ملک ملازمت نہیں کر سکتے

Please subscribe to the CRESCENT, a Pakistani English/Urdu Newspaper in regular print for the last 7 years.

SUBSCRIPTION RATES:
1 Year ....$8.00, US Air Mail $10.00
2 Years ...$14.00, US Air Mail $17.00
6 Months ..$5.00, US Air Mail $6.00
Anywhere else for 1 Year, By Air Mail $14.00

Please make cheques payable to "Crescent"

پندرہ روزہ کریسنٹ انٹرنیشنل

Crescent
338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
Telephone: (416) 493-4374

Name ....
Address ....
....
Postal Code ....
Telephone No. ....